پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

27 نومبر 2018

دی اُراوکونڈا کوآپریٹیو ٹاؤن بینک لمیٹیڈ، اُراوکونڈا، آندھراپردیش۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''دی اُراوکونڈا کوآپریٹیو ٹاؤن بینک لمیٹیڈ، اُراوکونڈا، آندھراپردیش'' پر دو لاکھ روپیہ (Rs.2,00,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(c) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ کے وائی سی (اپنے صارف کو پہچانئے) ہدایات کی خلاف ورزی کرنے، ریٹرنس جمع نہ کرنے، اور تعمیلی رپورٹ جمع نہ کرنے/ غلط جمع کرنے کی وجہ سے جرمانہ عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں بینک نے اپنا تحریری جواب نامہ داخل کیا۔ معاملہ کی حقیقت اور نوعیت، بینک کے جواب اور اس کی ذاتی سماعت پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کرنے کا فرمان جاری کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 1214/2018-2019